رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵

تار کا پتہ الفضل قادیان

إن الفضل بيد الله يؤتيه من يشاء — ان الفضل بید اللّٰہ یؤتیہ من یشآء — عسٰی ان یبعثک ربک مقاماً محموداً

اللہ اکبر

الفضل قادیان

روزنامہ

THE DAILY ALFAZL, QADIAN

ایڈیٹر غلام نبی

ترسیل زر بنام مینیجر الفضل ہو

شرح چندہ
سالانہ ۱۵ روپے
ششماہی ۸ روپے
سہ ماہی ۴ روپے ۸ آنے
ماہانہ ۱ روپیہ ۱۲ آنے

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

قیمت سالانہ بیرون ہند ۱۸ روپے

جلد ۲۳ | مورخہ ۶ صفر ۱۳۵۵ھ | یوم سہ شنبہ | مطابق ۲۸ اپریل ۱۹۳۶ء | نمبر ۲۴۹

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

مخالفین کا گالیاں دینا ان کے عجز کی دلیل ہے

ہمارے ان دوستوں نے خدا تعالیٰ کے اس سلسلہ کی قدر نہیں کی۔ بلکہ یہ کوشش کرتے ہیں۔ کہ یہ نور نہ چمکے۔ یہ اس کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر وہ یاد رکھیں۔ کہ خدا تعالیٰ وعدہ کر چکا ہے واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون۔ یہ مجھے گالیاں دیتے ہیں۔ لیکن مجھے ان کی گالیوں کی پرواہ نہیں۔ اور نہ ان پر افسوس کرتا ہوں۔ کیونکہ وہ اس مقابلہ سے عاجز آ گئے ہیں۔ اور اپنی عاجزی اور فروماندگی کو بجز اس کے نہیں چھپا سکتے کہ گالیاں دیں۔ کفر کے فتوے لگائیں جھوٹے مقدمات بنائیں اور قسم قسم کے افترا اور بہتان لگائیں۔ وہ اپنی ساری طاقتوں کو کام میں لا کر میرا مقابلہ کر لیں اور دیکھ لیں۔ کہ آخری فیصلہ کس کے حق میں ہوتا ہے۔ میں ان کی گالیوں کی اگر پرواہ کروں۔ تو وہ اصل کام جو خدا تعالیٰ نے مجھے سپرد کیا ہے۔ رہ جاتا ہے اس لئے جہاں میں ان کی گالیوں کی پرواہ نہیں کرتا۔ میں اپنی جماعت کو نصیحت کرتا ہوں۔ کہ ان کو مناسب ہے۔ کہ ان کی گالیاں سن کر برداشت کریں۔ اور ہرگز ہرگز گالی کا جواب گالی سے نہ دیں۔ کیونکہ اس طرح پر برکت جاتی رہتی ہے۔ وہ صبر اور برداشت کا نمونہ ظاہر کریں۔ اور اپنے اخلاق دکھائیں۔ (الحکم ۱۰ مئی ۱۹۰۲ء)

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۵ اپریل۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے متعلق آج کی ڈاکٹری رپورٹ مظہر ہے۔ کہ حضور کی صحت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے حضور نے آج پھر اپنے خدام کے ساتھ اس گڑھے کے بھرنے میں شرکت فرمائی۔ جس میں ۲۸ مارچ کو مٹی ڈالی گئی تھی۔ خاندان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دوسرے ارکان بھی شریک ہوتے۔ اور احمدی اصحاب کی ایک بہت بڑی تعداد نے قریباً ایک گھنٹہ کام کیا۔

سیدہ ام طاہر احمد حرم ثانی حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا بخار ٹوٹ گیا ہے۔ مگر نقاہت زیادہ ہے احباب صحت کاملہ کے لئے دعا فرمائیں۔

آج میجر اے۔ اے نکلس کمانڈنگ افسر ٹیریٹوریل فورس انبالہ قادیان تشریف لائے۔ ۱۹ احمدی نوجوانوں کو بھرتی کیا۔ اور ساڑھے تین بجے کی گاڑی سے واپس تشریف لے گئے۔

کسی معاند نے دفتر احمد آباد سنڈیکیٹ قادیان کو آگ لگا دی

قادیان ۲۵ اپریل۔ کچھ عرصہ سے معاندین کے اس قسم کے ارادے سننے میں آ رہے تھے۔ کہ وہ ہمارے دفاتر کو آگ وغیرہ کے ذریعہ نقصان پہونچانا چاہتے ہیں۔ آج صبح آٹھ بجے کے قریب جب دفتر احمد آباد سنڈیکیٹ کھولا گیا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ اندر آگ لگی ہوئی ہے۔ اور کاغذات مع میز کے جل کر کوئلہ ہو چکے ہیں۔ میز کے پاس ہی ایک الماری پڑی تھی۔ اس میں بھی ریکارڈ تھا۔ اُسے بھی کچھ نقصان پہونچا۔ اس کمرے کی ایک کھڑکی کے سامنے کے روشندان کے باہر کی طرف دھوئیں کے نشان ایسی صورت میں پائے گئے۔ جن سے شبہ ہوتا ہے۔ کہ کسی دشمن نے کوئی کپڑا وغیرہ جلا کر اس روشندان کے ذریعہ اندر پھینکا جس سے میز پر کے کاغذات اور میز کو آگ لگ گئی۔ اور بہت سا ریکارڈ اور سامان ضائع ہو گیا۔ اس کے متعلق پولیس میں رپورٹ درج کرا دی گئی ہے۔ یہ ذکر کر دینا نامناسب نہ ہوگا کہ جس جگہ یہ دفتر واقعہ ہے۔ اس کے پہلو میں بعض معاندین سلسلہ کے مکان واقعہ ہیں۔ اور ہمیں اندیشہ ہے۔ کہ یہ کارروائی عداوت اور نقصان رسانی کی غرض سے کی گئی ہے۔

قادیان میں جاری ہونیوالے کارخانوں کے متعلق اعلان

اللہ تعالےٰ کے فضل سے سلسلہ احمدیہ کی روز افزوں ترقی کے ساتھ مرکز سلسلہ قادیان کی ترقی بھی ہر پہلو سے روز افزوں ہے۔ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی توجہ آجکل جماعت کی اقتصادی ترقی کی طرف بھی مائل ہے۔ چنانچہ حضور کا منشاء ہے۔ کہ قادیان میں صنعت کو خاص فروغ دیا جائے۔ جس سے سرمایہ دار اور جماعت کے افراد دونوں فائدہ اٹھائیں۔ اور بیکاری دور ہو۔ حضور کی اس توجہ خاص سے قادیان میں نئے نئے کارخانے جاری ہو رہے ہیں۔ منجملہ ان کے ایسے بھی ہیں جن میں صدر انجمن احمدیہ۔ تحریک جدید۔ خاندان نبوت۔ اور حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بھی حصہ دار ہیں۔ ایسے کارخانجات میں حصہ لینے والے دوست اطلاع دیں۔ تا حسب ضرورت ان کو تفصیل سے اطلاع بھیجی جا سکے۔ اس معاملہ میں جملہ خط و کتابت خانصاحب منشی برکت علی صاحب شملوی گورنمنٹ پنشنر نائب ناظر بیت المال قادیان سے کی جائے۔

وقف کنندگان ماہ مئی کو اطلاع

جن احباب جماعت نے ۱ مئی ۱۹۳۶ء کو تحریک جدید کے مطالبہ وقف رخصت کے ماتحت وقف کرنے کی اطلاع دی تھی۔ ان کو دفتر تحریک جدید کی طرف سے ہدایات اور تعیین مقام کے متعلق اطلاعات دی جا چکی ہیں۔ جن دوستوں کو کوئی اطلاع موصول نہ ہوئی ہو۔ وہ بہت جلد مطلع فرمائیں۔ تا دوبارہ ہی ان کو اطلاع دی جا سکے۔

انچارج تحریک جدید قادیان

درخواست ہائے دعا

(۱) خاکسار نے امسال پوسٹ میٹرک کلیریکل کمرشل کلاس کے امتحان میں شامل ہونا ہے۔ احباب کامیابی کے لئے دعا کریں۔ خاکسار محمد اسمٰعیل گجرات۔ (۲) خاکسار کی والدہ اور والد صاحب دونوں سخت بیمار ہیں۔ احباب دعائے صحت کریں۔ خاکسار نور محمد ہیڈ ماسٹر نارخوستی۔ بنوں

دعائے مغفرت — میرا لڑکا محمد احمد ۸ اپریل کو فوت ہو گیا ہے۔ احباب دعائے مغفرت کریں۔ ملک نیر دزالدین جھگڑیا

خُدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

۲۱ اپریل سے ۲۵ اپریل ۱۹۳۶ء تک بیعت کرنیوالوں کے نام

ذیل کے اصحاب دستی اور بذریعہ خطوط حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے ہاتھ پر بیعت کر کے داخلِ احمدیت ہوئے:

نمبر	نام	مقام
	دستی بیعت	
۱	حسین بی بی صاحبہ	ضلع سیالکوٹ
۲	اہلیہ صاحبہ ملک عنایت اللہ صاحب	″
۳	اہلیہ صاحبہ ملک عبد الواحد صاحب	″
	تحریری بیعت	
۴	محمد اسمٰعیل صاحب	ضلع شیخوپورہ
۵	غلام قادر صاحب	ضلع شیخوپورہ
۶	محمد حسین صاحب	″
۷	رحیم بخش صاحب	″
۸	مبارک علی صاحب	″
۹	محمد حسین صاحب	سرگودھا
۱۰	عائشہ خاتون صاحبہ	بنگال

استانیوں کی ضرورت

سی پی کے علاقہ میں چند میٹرک پاس استانیوں کی ضرورت ہے۔ تنخواہ ۵۰ اور ۶۰ روپے ماہوار ہوگی بسالانہ ترقی بھی ہوگی۔ اس قابلیت کی لڑکیاں جو وہاں جانا چاہیں فوراً اپنی درخواستیں معہ نقول اسناد نظارت ہذا میں ارسال کر دیں۔ سرنامہ کی جگہ خالی چھوڑ دی جائے۔ درخواست کنندگان اگر شادی شدہ ہوں۔ تو ممکن ہے ان کے خاوندوں کے لئے بھی بعد میں کوئی انتظام ہو سکے۔ درخواست کے ساتھ علیحدہ کاغذ پر پریذیڈنٹ جماعت متعلقہ کی تصدیق لازمی ہے ورنہ بغیر تصدیق آنے والی درخواست پر کوئی غور نہیں کیا جائے گا۔ ناظر امور عامہ قادیان

ارشاد مبارک

حضرت مولانا جناب ڈاکٹر مفتی محمد صادق صاحب

سابق مبلغ جماعت احمدیہ (لنڈن و امریکہ) قادیان

جناب سراج الاطباء حکیم مختار احمد صاحب ممتاز نے مرد و عورت کے باہمی تعلقات کی خوشگوار راہنمائی کے واسطے عام فہم اردو زبان میں قریب اڑھائی سو صفحہ کی ایک کتاب بنام **ذوق شباب** شائع کر کے ملک کے طبی لٹریچر میں ایک نہایت کارآمد اضافہ کیا ہے۔ فی زمانہ اس مضمون پر کئی ایک کتابیں کوک شاستر یا دوسرے ناموں سے شائع ہو چکی ہیں۔ مگر یہ کتاب اپنے مضمون کے نام کی طرح سب سے ممتاز ہے نہایت قیمتی صدری نسخے بغیر کسی بخل کے اس میں درج کر دیئے گئے ہیں۔ اور صرف یونانی طب کے لحاظ سے نہیں۔ بلکہ ویدک۔ اور انگریزی وطب جدید ہر لحاظ سے اس کتاب کو مکمل کیا گیا ہے۔ اور اطباء و عوام ہر دو کے واسطے اُسے کارآمد بنایا گیا ہے۔

دستخط محمد صادق عفی عنہ

کتاب کی قیمت رعایتی مع محصولڈاک ایک روپیہ مجلد ایک روپیہ چار آنہ

ملنے کا پتہ کتب خانہ دواخانہ طب جدید اندرون دہلی دروازہ لاہور

کیا آپ کو اس سے بڑھ کر کسی تصدیق کی ضرورت ہے۔ امید ہے کہ ناظرین الفضل اس کتاب کو منگا کر اس کے مطالعہ سے ضرور لطف اندوز ہوں گے (مینیجر کتب خانہ طب جدید لاہور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الفضل
قادیان دارالامان مورخہ ۶ صفر ۱۳۵۵ھ

پنجاب کی اتحاد پارٹی اور احرار

نئی اصلاحات کے ماتحت ملک کے نظم ونسق میں جو تغیرات ہونے والے ہیں۔ انہیں پیش نظر رکھتے ہوئے پنجاب کے سیاست دان اصحاب نے زیر سرکردگی میاں سر فضل حسین جو مجلس اتحاد قائم کی ہے۔ وہ جوں جوں مقبولیت حاصل کرتی جا رہی ہے۔ کچھ ذاتی اغراض کے بندے مسلمان کہلانے والے۔ اور کچھ تنگدل ہندو اس کی مخالفت میں بڑھتے جا رہے ہیں اور ان کی سر توڑ کوشش یہ ہے۔ کہ ہندو مسلم اتحاد تو الگ رہا۔ خود مسلمان بھی آپس میں متحد نہ ہونے پائیں۔ تاکہ متحدہ و متفقہ طور پر کوئی لائحہ عمل نہ تیار ہو سکے۔

مسلمان کہلا کر غیروں سے زیادہ نقصان پہونچانے والے۔ مسلمانوں کے خیر خواہ کہلا کر بدترین بدخواہ ثابت ہونے والے۔ مسلمانوں کے رہنما کہلا کر ان کو گمراہ کرنے والے سوائے احرار کے اور کون ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ وہی اس تگ ودو میں مصروف ہیں۔ اور ایک خاص طبقہ کے ہندو ان کی پیٹھ ٹھونک رہے ہیں۔ ابھی اتحاد پارٹی کی تجویز ہی ہو رہی تھی۔ کہ اخبار "پرتاپ" (۱۷- اپریل) نے لکھا:-

"چودھری افضل حق اور مولانا مظہر علی اظہر کو چھوڑ کر پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے تمام مسلم ممبران نے میاں صاحب کے ہاتھ پر بیعت کر لی ہے۔ اور تمام مسلم حلقوں میں ایک ایک نشست کے لئے کم از کم تین تین امیدوار ہیں۔ میاں صاحب کی اتحاد پارٹی کے لئے یہ سوال نہیں۔ کہ امیدوار کہاں سے لائے۔ بلکہ یہ ہے کہ کسے اپنا امیدوار نامزد کرے۔ میاں صاحب کی یہ کامیابی غیر متوقع نہیں۔ کیونکہ ان کے مقابلہ پر اس وقت تک کوئی مسلم پارٹی کھڑی نہیں ہوئی۔ احرار ہی کھڑے ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان کی طرف سے تاحال کوئی اعلان نہیں ہوا۔"

اس پر بھی جب احرار خاموش رہے۔ تو "پرتاپ" نے ایک طرف تو ان کی دکھتی رگ پر یوں ضرب لگائی۔ کہ "ہندو اور سکھ میاں صاحب کے ساتھ ملیں یا نہ۔ لیکن یہ اغلب ہے۔ کہ مسلمانوں کی اکثریت ان کے جھنڈے تلے جمع ہو جائے گی۔ اور انہیں پنجاب کا وزیر اعظم بننے کا موقعہ مل جائے گا۔" اور دوسری طرف اس طرح اشتعال دلایا۔ کہ:-

"اگر پنجاب کے مسلمان میاں صاحب کے مقابلہ میں کوئی پارٹی کھڑی کرنا چاہتے ہیں۔ تو انہیں جستی سے کام لینا چاہیئے۔ کیونکہ میاں صاحب کی تیاریاں بڑے زور شور سے جاری ہیں۔ کہیں یہ نہ ہو۔ کہ دوسری پارٹی اس وقت میدان میں آئے۔ جب میدان میاں صاحب کے ہاتھ میں جا چکا ہوگا۔" (پرتاپ ۲۳ اپریل)

اخبار "پرتاپ" فرقہ وارانہ فیصلہ کا شدید ترین مخالف اور مسلمانوں کو ہندوؤں کی غلامی میں دیکھنے کا بہت بڑا شائق ہے۔ وہ ہمیشہ اسی نقطہ نگاہ کے ماتحت کسی معاملہ کی تائید یا مخالفت کرتا ہے۔ ان حالات میں اس نے سر میاں فضل حسین صاحب کی اتحاد پارٹی کے خلاف اور احرار کے طریق عمل کی تائید میں جو مہم شروع کر رکھی ہے۔ اس کا مقصد بآسانی سمجھ میں آ سکتا ہے۔ اور باد نے تفکر معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ وہ حسب معمول مسلمانوں کے حقوق کو نقصان پہونچانے اور انہیں ہندوؤں کے قدموں میں گرانے کے لئے کسی آلۂ کار کی تلاش میں تھا جو اسے احرار کی شکل میں مل گیا۔ چنانچہ وہ اپنی کامیابی پر پھولا نہ سماتا لکھتا ہے۔ کہ:-

"میرا قیاس درست نکلا۔ احرار ہی اتحادیوں کے مقابلہ کے لئے تیار ہو رہے ہیں۔ پچھلے دنوں مولانا حبیب الرحمن صدر مجلس احرار اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری کسی تقریب پر دہلی گئے۔ وہاں انہوں نے اپنا یہ خیال ظاہر کیا۔ کہ وہ میاں سر فضل حسین کی پارٹی کا مقابلہ کریں گے۔ جہاں اتحاد پارٹی کا نصب العین درجہ نو آبادیات ہے وہاں احرار کا آزادئ کامل ہے۔ میاں صاحب نئے آئین کو کامیاب بنانا چاہتے ہیں۔ اور احرار اس کی دھجیاں بکھیرنا۔ گویا پولٹیکل عقیدہ کے لحاظ سے احرار کانگرس کے ساتھ ہیں۔ چنانچہ ان دونوں مسلم رہنماؤں نے یہ کہہ بھی دیا ہے۔ کہ ہندوستان کے پولٹیکل نصب العین۔ اور نئے آئین کے متعلق ہمارے وہی خیالات ہیں جو کانگرس کے ہیں۔" (پرتاپ ۲۴ اپریل)

"پرتاپ" اور اسی قماش کے دوسرے اخبارات نے آج کل احرار کی تائید کرنا اور سر فضل حسین کی پارٹی کی مخالفت کرنا اپنا فرض قرار دے رکھا ہے اور وہ بڑی سرگرمی سے احرار کو ہر قسم کے داؤ پیچ سکھا رہے ہیں۔ چونکہ سر میاں فضل حسین کی مخالفت کی وجہ بالکل صاف اور واضح ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ ہندو ان کو پنجاب کا سب سے بڑا سیاست دان سمجھتے اور مسلمانوں کے سیاسی حقوق کا سب سے بڑا حامی ہونے کا مجرم قرار دیتے ہیں۔ اس لئے ہندوؤں کی طرف سے احرار کی تائید وحمایت کی وجہ بھی بآسانی سمجھ میں آ سکتی ہے۔ اور وہ سوائے اس کے کیا ہو سکتی ہے۔ کہ احرار کی ہر ایک حرکت وسکون مسلمانوں کے مفاد کے خلاف ان کے حقوق کے خلاف اور ان کی آئندہ ترقی کے خلاف ہے۔

گزشتہ دو اڑھائی سال سے احرار نے مذہبی نقاب اوڑھ کر اور مسلمانان ہند کے مذہبی راہ نما کہلا کر جو خاک اڑائی ہے۔ اور نہ صرف مسلمانوں کو بلکہ اسلام کو اغیار کی نگاہ میں جس قدر ذلیل ورسوا کیا ہے۔ اس کی عبرتناک داستان ابھی ختم نہیں ہوئی۔ کہ اب وہ پھر سیاسیات کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں۔ اور جمہور مسلمانان پنجاب کے مقابلہ میں کانگرسی اور تنگدل ہندوؤں کی تائید وحمایت کے سہارے کھڑے ہو رہے ہیں۔ کیا کوئی مسلمان ایک لمحہ کے لئے بھی یہ سمجھ سکتا ہے۔ کہ احرار کا یہ رویہ جو انہوں نے مسلمانوں کے دیرینہ اور مسلمہ بدخواہوں کی تائید اور امداد سے اختیار کیا ہے۔ مسلمانوں کو کوئی فائدہ پہونچا سکتا ہے۔ قطعاً نہیں۔ پس احرار کا جمہور مسلمانان پنجاب سے علیحدہ ہو کر ان کے خلاف راہ اختیار کرنا اتنی بڑی غداری ہے۔ جو کسی صورت میں بھی معاف کئے جانے کے قابل نہیں۔ اور ہم امید رکھتے ہیں۔ کہ مسلمان کبھی اسے معاف نہ کریں گے۔

علاوہ ازیں کامل آزادی کا ادعا بھی محض عوام کو دھوکہ اور فریب میں مبتلا کرنے کے لئے ہے۔ انہی احرار نے اسی ادعا کے ساتھ ریاست کشمیر پر چڑھائی کی تھی۔ مگر جس طرح منہ کی کھائی۔ وہ سب کو معلوم ہے۔ اگر احرار کو ریاست کشمیر کے مقابلہ میں نہایت ہی شرمناک ناکامی نصیب ہو سکتی ہے۔ تو پھر کس طرح ممکن ہے۔ کہ حکومت انگریزی کے مقابلہ میں وہ کامیاب ہو سکیں جبکہ اس وقت کی نسبت اب بہت تھوڑے لوگ ان کے دام فریب میں پھنس سکتے۔ اور ان کے جھوٹے دعووں پر یقین کر سکتے ہیں۔ خدا کی شان ہے۔ جو لوگ سیاسیات کی ابجد سے بھی واقف نہیں۔ جنہیں ہر قدم پر سوائے ناکامی ونامرادی کے کبھی کچھ نہیں حاصل ہوا۔ جن کی ساری کارگزاری قوم کو لوٹ کر کھانا اور اسے مصائب میں مبتلا کر کے تماشہ دیکھنا ہے۔ وہ آج اس دعوے کے ساتھ کھڑے ہو رہے ہیں۔ کہ کامل آزادی کے سوا وہ کوئی چیز قبول کر ہی نہیں سکتے۔ مگر اتنا بھی تو بتانے کے لئے تیار نہیں۔ کہ کامل آزادی کے حصول کے لئے ان کے سامنے کونسا پروگرام ہے اور وہ کس طرح اسے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ جن لوگوں کے دماغی افلاس اور عقل کی کوتاہی کا یہ عالم ہو۔ ان پر ذرہ بھر بھی بھروسہ کرنا کسی عقلمند انسان کا کام نہیں ہو سکتا۔

وائسرائے کی تقریر اور آل انڈیا مسلم کانفرنس

وائسرائے ہند کی تقریر پر جہاں کانگرسی اور مہا سبھائی حلقوں میں کسی گرمجوشی اور خوشی کا اظہار نہیں کیا جا رہا۔ وہاں آل انڈیا مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی نے ایک اجلاس میں ایک ریزولیوشن پاس کر کے تقریر کے اس حصہ کو خاص طور پر خوش آمدید کہا ہے۔ جس میں مزارعین اور بیکاروں کی اعانت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ ریزولیوشن میں حکومت کی توجہ غریب نادار اور مقروض مزارعین کی فلاکت کی طرف مبذول

آریہ سماج اور شادی بیوگان

ایک سعید الفطرت غیر مسلم گریجوایٹ کے قلم سے

دنیا کے تمام مذاہب کے پیرو مدعی ہیں۔ کہ ہمارا مذہب ہی عالمگیر ہے۔ اس کے اصول وقواعد ایسے ہیں۔ جو زمان ومکان کی قید سے آزاد ہیں۔ لیکن دعوے کر دینا آسان ہے۔ اور اسے درست ثابت کرنا مشکل ہے۔ مثلاً آریہ سماج کو لیجئے۔ کہ ویدک دھرم اس کے نزدیک عالمگیر مذہب اور اس کے اصول ہر ملک اور ہر زمانہ میں قابلِ عمل ہیں:

آریہ سماج کے بانی سوامی دیانند سرستی نے اپنی کتاب ستیارتھ پرکاش میں کئی اصول بیان کئے ہیں۔ جو آریہ سماج کے نزدیک ویدوں کی تعلیم کا خلاصہ ہیں۔ لیکن ان میں سے کتنے ہی ہیں۔ جو آریہ سماج آہستہ آہستہ چھوڑ رہا ہے ہم آج صرف ایک شادی بیوگان کو لیتے ہیں۔ اور حقیقت تو یہ ہے۔ کہ عورتوں کے متعلق اکثر اصول جو سوامی جی نے اپنی کتاب سنسکار ودھی میں بیان کئے۔ چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ لڑکے اور لڑکیاں ایک ہی درسگاہ میں تعلیم حاصل نہ کریں (نمبر اسمولاس) آج آپ بڑے بڑے آریہ سماجی گھرانوں کا عمل اس کے خلاف پائیں گے۔ انہوں نے شادی اور بچہ کی پیدائش کے درمیان تین ایسے سنسکاروں کا ذکر کیا ہے۔ جنکا تعلق مرد وعورت سے ہے۔ (سنسکار ودھی) لیکن آج کتنے آریہ سماجی ہیں۔ جو گربھا دان سنسکار۔ پنسون سنسکار اور سیمنتونین سنسکار کرتے ہیں وضع حمل اور بچہ کی پیدائش اور رضاعت کے متعلق جتنے حکم دوسرے سمولاس میں درج ہیں ان پر کسی کا عمل نہیں۔ سوامی جی نے بعض خاص نام اور شکل وصورت کی لڑکیوں سے شادی کرنے کو منع فرمایا ہے۔ (چوتھا سمولاس) اگرچہ ہمیں اس بات کی معقولیت کا پتہ نہیں چلا۔ کہ جس لڑکی کا نام چمپا۔ جمنا۔ گوکلا۔ میراں وغیرہ ہو۔ اس سے شادی کیوں نہ کی جائے۔ کیونکہ نام رکھنے کے لئے والدین ذمہ دار تھے۔ لیکن کیا ان ناموں کی لڑکیاں خود آریہ سماجی گھروں میں نہیں۔؟ اور کیا ان کی شادی نہیں ہوتی؟

ان میں سے ہی ایک نیوگ اور شادی بیوگان ہے۔ نیوگ تو قابلِ عمل ہے ہی نہیں اور سوائے ایک واقعہ کے ہمیں آریہ سماج کی ساری تاریخ میں نیوگ کی کوئی مثال نہیں ملتی لیکن شادی بیوگان جس کی سوامی دیانند نے اس قدر مخالفت کی تھی۔ اس کا نہ صرف عام رواج ہے۔ بلکہ دھواہ وواہ سبھائیں قائم کی گئی ہیں۔ اس وقت ہم صرف اس دلیل پر غور کرنا چاہتے ہیں۔ جو آریہ سماج اس کے جواز میں پیش کر رہا ہے۔

آریہ پرتی ندھی سبھا کی جوبلی کے موقعہ پر جو حال میں ہوئی۔ ایک ریزولیوشن اس مفاد کا منظور ہوا۔ کہ شادی بیوگان پر آریہ سماج کو زور دینا چاہیئے۔ جب بعض لوگوں نے اعتراض کیا۔ کہ سوامی جی نے اس کی مخالفت کی ہے۔ اور اسے خلاف تعلیم وید قرار دیا ہے تو اچاریہ رام دیو پریذیڈنٹ سبھا مذکور نے کہا۔ یہ بالکل صحیح ہے کہ سوامی جی نے اس کی مخالفت کی ہے۔ لیکن یہ آپت کال ہے۔ اور ایسے حالات میں ہم اس حکم کی خلاف ورزی کرنے میں حق بجانب ہیں۔

اچاریہ رام دیو کی یہ دلیل ہی سوامی جی کی غلطی اور اس اصول کی تردید میں کافی ہے۔

(۱) جہاں سوامی جی نے شادی بیوگان کی ممانعت کی ہے۔ اور اس پر نیوگ کو ترجیح دی ہے۔ وہاں کوئی استثناء نہیں رکھا۔ عالمگیر اصول کے لئے لازم ہے۔ کہ اس میں تمام حالات اور مشکلات کا خیال رکھ کر فیصلہ کیا جائے۔ سوامی جی صاف لکھتے ہیں۔ "دوجوں میں نیوگ یا ایک سے زیادہ بواہ کبھی نہ ہونے چاہئیں"

(۲) خود وید میں اس حالت کے متعلق جہاں حکم ہے۔ وہاں بھی ایسے حالات کے لئے کوئی چارہ تجویز نہیں فرمایا۔ اگرچہ جن منتروں سے سوامی جی نے استدلال کر کے نیوگ ثابت کیا ہے ان ہی الفاظ مثلاً دیور وغیرہ کے جو معنی انہوں نے کئے ہیں۔ بعض آریہ سماجی بھی وہ معنے نہیں مانتے:

(۳) آپت کال (حالت اضطرار) کا مطلب ہے۔ کہ اصول جو حالت عمومی میں زیر عمل ہے وہ اپنی جگہ پر قائم ہے۔ اس میں تغیر وتبدل ممکن نہیں۔ عام لوگوں کا عمل اسی پر ہے۔ لیکن کسی خاص شخص اور خاص حالت کے ماتحت اس پر تھوڑی دیر کے لئے عمل کرنا ناممکن ہے تو آسانی پیدا کرنے کے لئے اس اصل کے خلاف عمل کرنے کی اجازت دے دی جاتی ہے۔ میں ایک مثال سے اسے واضح کر دیتا ہوں۔

اسلام میں بعض چیزوں کو بطور خوراک استعمال کرنا حرام ہے۔ مثلاً خون۔ سور کا گوشت وغیرہ لیکن اس کے ساتھ ہی آپت کال کے لئے بھی حکم دے دیا۔ کہ اگر انسان بھوک سے مجبور ہو جائے۔ اور وہ گناہ کی طرف جھکنے والا نہ ہو۔ تو پھر وہ وقتی طور پر ان کا استعمال کر سکتا ہے۔ اور خدا تعالےٰ اس پر رحم کرے گا۔ اور اسے بخش دے گا۔ یعنی مستقل حکم بدستور قائم ہے۔ خاص حالات (آپت کال) میں البتہ اسے عارضی طور پر توڑنے کی اجازت ہے اگر آریہ سماج بھی شادی بیوگان آپت کال سمجھ کر عارضی طور پر ایک آدھ بار کرتا۔ تو کسے اعتراض ہوسکتا تھا۔ لیکن یہاں مستقل اصول کو تو کوئی پوچھتا ہی نہیں۔ اور آپت کال پر زور دیا جا رہا ہے۔ حالانکہ اس کی کسی جگہ اجازت ہی نہیں۔ گویا عمل سے ثابت کر دیا گیا۔ کہ مستقل اصول شادی بیوگان ہونا چاہیئے:

کسی امر کی تغلیط کے دو طریقے ہیں لسانی اور عملی یعنی یا تو آپ زبان سے اس کی تغلیط کریں۔ یا زبان سے اُسے درست مانیں لیکن عمل اس کے خلاف کریں۔ اور ثابت کر دیں کہ عملی طور پر یہ بات قابلِ قبول نہیں۔ اب زبان سے آریہ سماج لاکھ کہا کرے۔ کہ نیوگ درست اور شادی بیوگان غلط ہے۔ لیکن اس نے عمل سے ثابت کر دیا ہے۔ کہ نیوگ نادرست اور شادی بیوگان درست ہے۔ اور یہی سوامی دیانند کی غلطی اور اگر انہوں نے اپنے نظریہ کی بناء ویدوں پر رکھی۔ تو ویدوں کی بھی غلطی کی سب سے بڑی دلیل ہے:

ریلوے روڈ قادیان کی درستی کے لئے چندہ کی تحریک

الحمد للہ ریلوے روڈ کی اصلاح کے لئے میں نے جو تحریک کی تھی۔ احباب نے اس کی طرف توجہ شروع کر دی ہے۔ اور چندہ آنے لگ گیا ہے۔ مگر احباب کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس سڑک کے لئے کئی ہزار روپے کی رقم کا اندازہ ماہرین فن نے لگایا ہے اسلام راستوں کی درستی اور اصلاح کی طرف خاص طور پر توجہ کرتا ہے۔ بلکہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک فرمایا ہے۔ کہ راستے میں سے ایک کانٹا اٹھا کر پھینک دینے والا بھی اللہ تعالےٰ کے نزدیک ثواب کا مستحق بنتا ہے اور راستہ میں غلاظت پھیلانے والا شخص ایک قسم کی لعنت خریدتا ہے۔ اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کہ راستوں کی صفائی اور درستی کس قدر ضروری ہے۔ پھر قادیان جیسی مقدس بستی کے راستوں کی درستی اور اصلاح پر جو پیسہ بھی خرچ ہوگا۔ وہ بہت بڑے ثواب کا موجب ہوگا۔ قادیان کے احباب نوٹ کریں [illegible] (ناظر امور عامہ قادیان)

ہزایکسلنسی وائسرائے ہند کا خطاب باشندگان ہندوستان سے

حضور وائسرائے ہند بالقابہ کی وُہ تقریر جو ۱۸ اپریل ۱۹۳۶ء کو دہلی سے براڈکاسٹ کی گئی

(۲)

اہلِ صنعت وحرفت سے اظہارِ ہمدردی

جہاں مجھے یہ علم ہے۔ کہ کسانوں کو دقتوں کا سامنا رہا ہے۔ وہاں مجھے ان مشکلات کا بھی احساس ہے۔ جو عالمگیر اقتصادی بدحالی کے دوران میں اہلِ صنعت وحرفت اور شہری آبادی کو پیش آئی ہیں۔ چونکہ بیشتر ازیں میں تجارت اور مالیات میں مصروف رہا ہوں۔ اس لئے میں ان کی حالت سے بوجہ احسن آگاہی رکھتے ہوئے اُن سے اظہارِ ہمدردی کرتا ہوں۔ لیکن چاہے مشکلات کتنی ہی بڑی اور کتنی ہی حقیقی کیوں نہ رہی ہوں۔ میں اہلِ تجارت۔ اہلِ مالیات اور اہلِ صنعت وحرفت سے مخاطب ہو کر کہتا ہوں۔ کہ آپ اپنے ملک کی اس سے بڑھ کر اور کوئی خدمت نہیں کر سکتے۔ کہ خاموشی اور اعتماد کے ساتھ اپنے اپنے کاروبار میں لگے رہیں:۔

بے روزگاری کی مشکلات

مجھے اس امر کا بھی احساس ہے۔ کہ روزگار کی مشکلات نے کئی نوجوانوں خصوصاً تعلیم یافتہ نوجوانوں کی زندگیوں کو یاس آمیز اور تلخ کر دیا ہے۔ اس سے بڑھ کر میرے لئے خوشنودی کا اور کوئی باعث نہیں ہوگا۔ کہ معقول غور وخوض اور تحقیقات کے بعد کوئی ایسی سبیل نکالوں جس سے یہ بارگراں کم ہو جائے۔ کہ اس کے حال کسی طرح بھی اس کے مستوجب نہیں:۔

موجودہ عہدہ کو اپنی تحویل میں لیتے وقت جن ذمہ واریوں سے مجھے مجبوراً سبکدوش ہونا پڑا۔ ان میں سے Medical Research Council of Privy council کی صدارت اور Governing body of Imperial college of Science and Technology. کی صدارت کی ذمہ واریاں بھی شامل ہیں۔ میری دلی آرزو ہے۔ کہ ایسے وسائل بہم پہنچیں۔ کہ جن کی بدولت ہم ہندوستان میں علم طب و دیگر علوم طبعی واصطلاحی کو ترقی دے سکیں۔ مختلف زمانوں اور ملکوں کی تاریخ کو دیکھیں۔ تو کہہ سکتے ہیں۔ کہ آج کل کی سیاسی سرگرمی کے بعد ملکی علم وفن کے میدان میں تعمیری کام بہت سرعت سے ہونے لگے گا۔ میرے لئے اس سے زیادہ سببِ طمانیت اور کوئی نہیں ہوگا۔ کہ اس قسم کی تحریک کا محرک ومعاون بنوں:۔

بچوں سے خطاب

اب میں ایسے شخص کی حیثیت سے جس کی خوشی کا بہترین منبع اس کے خاندانی تعلقات ہیں۔ ان بچوں سے مخاطب ہوتا ہوں۔ جن تک آج میری آواز پہونچ رہی ہے۔ بچو! میں تمہارے بادشاہ کا نائب ہوں۔ اور تمہارا دوست ہوں۔ یاد رکھو کہ جب تم بڑے ہوگے۔ تو اپنے ملک کی عزت قائم رکھنا تمہارا ہی کام ہوگا۔ یاد رکھو۔ کہ وُہ مرد ہو یا عورت۔ کوئی ایسا شخص کبھی اچھا شہری اور وطن کا سچا دوست نہیں ہو سکتا۔ جو سب سے پہلے یہ نہ سیکھے۔ کہ خود اپنی فطرت پر قابو اور غلبہ کیونکر پانا چاہیئے۔ یہ کام بڑا کٹھن ہے۔ لیکن ہمت کرو اور یقین جانو۔ کہ اگر تم محنت کرتے رہے۔ اور نیک بننے کی آرزو تمہارے دل میں قائم رہی۔ تو ایک نہ ایک دن تم کامیاب ہو کر رہوگے۔ تم مجھے اکثر یاد آتے رہوگے۔ خدا سے ڈرو۔ بادشاہ کی عزت کرو۔ ماں باپ کا کہا مانو:۔

کسی کو کسی پر ترجیح نہیں دیجائیگی

اب میں سب سے اہم امر کی طرف متوجہ ہوتا ہوا آپ کو آگاہ کر دیتا ہوں۔ کہ میں اس قابل بھی نہیں۔ کہ کسی ایک فرقہ کو دوسرے پر ترجیح دے سکوں۔ میں اس بارے میں اپنا غیر متزلزل ارادہ ایک گھریلو مثال کے ذریعہ آپ پر واضح کرتا ہوں۔ خدا مجھ پر مہربان ہے۔ اور اس نے مجھے پانچ بچے عنایت فرمائے ہیں۔ ہر ایک بچہ نے اپنے بھائی بہنوں سے مختلف مزاج اور مختلف خصوصیات پائی ہیں۔ میں نے اس امر کی انتہائی کوشش کی ہے۔ کہ ان کے اختلافات کو سمجھوں۔ اور ہر بچے کے ساتھ اس کی فطرت اور طبیعت کے مطابق سلوک کروں۔ جہاں امداد کی ضرورت دیکھوں۔ امداد کروں۔ اور ہر بچے کے خداداد خصائل اور نیک اطوار کو پنپنے کا موقعہ دُوں۔ میں نے اس امر کی بھی کوشش کی ہے۔ کہ ان کو ایک دوسرے سے رواداری سے پیش آنا سکھاؤں۔ مجھے اپنا ہر ایک بچہ پیارا ہے۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں۔ کہ دوسروں کے مقابلہ میں اس کی ناجائز حمایت کروں:۔

آئینی تغیرات کی تکمیل کے متعلق ہدایات

چند ماہ کے بعد آپ اس صوبجاتی خودمختاری کا آغاز دیکھیں گے۔ جو گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی رُو سے منظور کی گئی ہے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے۔ یہ صوبجاتی خودمختاری اس آئینی عمارت کا پہلا ردّا ہوگا۔ جس کا کلس ہندوستان کی وفاقی حکومت ہوگی۔ جو اس ایکٹ میں مذکور ہے۔ ان اہم آئینی تغیرات کی تکمیل جو اس ایکٹ میں مذکور ہیں ظاہر ہے کہ آسان نہیں۔ اس شاندار کوشش کے نتیجے کا انحصار زیادہ تر آپ ہی پر ہے۔ اور آپ ہی کے استقلال اور آپ ہی کی بردباری پر بہت بڑی حد تک اس کا دارومدار ہے۔ اس پر تشویش زمانے میں میرا فرض ہوگا کہ آپ کو ایسے مشورے دیتا رہوں۔ جو میرے خیال میں میرے لئے مناسب ہیں۔ اور جن سے نمائندہ حکومت کے ماتحت آپ کو شہریت کی ذمہ واریوں کے سرانجام دینے میں مدد مل سکے۔ کسی صورت میں بھی میرا یہ فرض نہیں۔ کہ آپ کو ووٹ کا استعمال بتاؤں کیونکہ اس نظام حکومت کی جان یہی بات ہے۔ کہ آپ اپنی انفرادی اور آزاد قوت فیصلہ سے کام لیتے ہوئے یہ طے کریں۔ کہ آپ کا فرض کیا ہے۔ اس لئے سیاسی جماعتوں کے راہ نماؤں کو چاہیئے۔ کہ چاہے وہ کسی سیاسی جماعت سے تعلق رکھتے ہوں آئین کے دائرے میں صوبجاتی انتخابات میں مقابلہ کرتے وقت اعتماد رکھیں۔ کہ میں کبھی بالارادہ ایسے الفاظ زبان پر نہیں لاؤں گا۔ جو ان کے جائز حقوق کو نقصان پہونچانے والے ہوں:۔

یہ حقیقت ہے۔ کہ موجودہ نظام کے ماتحت مرکز میں میری حکومت کو مرکزی مجالس قوانین میں وقتاً فوقتاً اچھی خاصی مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس مخالفت کے حالات اور یہ حقیقت کہ وُہ افراد جن پر یہ مخالفت مشتمل ہے ایک متبادل حکومت کی تشکیل کے لئے مدعو نہیں کئے جا سکتے۔ میری رائے اور پارلیمنٹ کی اس جائنٹ سلیکٹ کمیٹی کی رائے کے مطابق جس نے اصلاحات پر غور کیا تھا۔ ان آئینی تغیرات کے جواز کی بہترین دلیل ہے۔ جو پارلیمنٹ کے حال کے ایکٹ میں شامل ہیں۔ یہاں میں صرف اتنا ہی کہوں گا۔ کہ حکومت کی حکمتِ عملی کے اظہار اور بروقت ضرورت اس کی حفاظت کے لئے موزوں ایوان ایوانِ مجالس قوانین ہیں۔ میں آپ سے صاف صاف کہتا ہوں۔ اور ہمیشہ صاف صاف کہونگا کہ وُہ حالات جن کا صوبجاتی خودمختاری کے آغاز پر رونما ہونا لابدی ہے میرے سامنے غیر معمولی مشکلات لا کھڑی کریں گے آپ کو یقین کامل رکھنا چاہیئے۔ کہ اس عہد کے شروع سے آخر تک جس میں اب میں قدم رکھنے والا ہوں۔ میری ہمیشہ یہ کوشش رہے گی کہ صوبجاتی خودمختاری کو کامیاب طور پر چلانے کے لئے ہر ممکن مدد دوں۔ اور ساتھ ہی مرکز میں ان تغیرات کے لئے راستہ صاف کروں۔ جو وفاقِ ہند کے انعقاد کے ساتھ وابستہ ہیں:۔

چندہ تحریک جدید کی جلد ادائیگی کے متعلق مخلصین جماعت کا قابل ستائش طریق عمل

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کی تحریک جدید پر ایک نابینا دوست جو ضلع لدھیانہ کی ایک مسجد کے امام تھے۔ لیکن جب خدا تعالےٰ نے ان کو قبول احمدیت کی توفیق عطا فرمائی۔ تو ان کو مسجد سے نکال دیا گیا۔ حضور کی خدمت میں لکھتے ہیں۔ میعاد کے اندر تحریک جدید میں حصہ لینے کے لئے میرے پاس کچھ نہ تھا اس لئے میں حصہ نہ لے سکا۔ اب اللہ تعالےٰ نے پانچ روپے دیئے ہیں۔ اور میں یہ رقم حضور کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اگر حضور اس ناچیز رقم کو قبول فرمائیں۔ تو میں بہت شکر گزار ہوں گا۔ مہربانی فرما کر میرے لئے خاص دعا اور چندہ تحریک جدید میں کم از کم پانچ روپے ادا کرنے کی اجازت فرمائیں۔

اس پر حضور ایدہ اللہ تعالےٰ نے لکھا۔ "عام طور پر میں اس کی اجازت تو نہیں دیتا۔ مگر آپ کی معذوری اور پھر اس شوق و اخلاص کو دیکھتے ہوئے لے لیتا ہوں"۔

(۲) ایک دوست جنہوں نے گذشتہ سال تیس روپیہ چندہ تحریک جدید میں ادا کیا تھا۔ اور دوسرے سال کے لئے ان کا پینتالیس روپیہ کا وعدہ تھا۔ سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کے حضور لکھتے ہیں۔ میں نے تحریک جدید میں ۴۵ کا وعدہ کیا تھا۔ الحمد للہ کہ آج اس کی پہلی قسط ۴۳ روپے ۲ آنے ادا کر رہا ہوں۔ یہ اللہ تعالےٰ کا فضل ہے کہ حضور کے ارشاد کی تعمیل کا موقعہ مل جاتا ہے۔ ورنہ ہم کہاں اور یہ خوش بختی کہاں۔ میری مالی حالت بہت کمزور ہے کشائش رزق کے لئے بھی دعا کی درخواست ہے۔ مگر میں صرف کل کے لئے آتا ہے۔ اور بس یہ رقم اللہ تعالےٰ نے اپنے خاص فضل سے دی ہے۔ جو گھر لانے سے قبل ہی بھیج رہا ہوں۔

(۳) سیکرٹری صاحبہ لجنہ اماء اللہ قادیان جنہوں نے اس سال کے چندہ تحریک جدید کی رقم ۲۰۵ قسط وار ادا کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کی تقریر مجلس مشاورت سن کر بقیہ قسطیں یکمشت ادا کر دی ہیں۔ اور اطلاع دی ہے۔ کہ میں چندہ تحریک جدید کی فراہمی کے لئے کوشش کر رہی ہوں۔ تا سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کے ارشاد کی تعمیل میں جلد تر چندہ داخل ہو جائے۔

نمائندگان مجلس مشاورت اگر پورے طور پر اپنے فرائض کو ادا کریں۔ اور چندہ تحریک جدید کے وعدے پورے کرنے والے مخلصین پر حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کا منشاء مبارک واضح کر دیں۔ تو امید ہے کہ مخلصین اپنی موعودہ رقوم جلد تر ادا کرنے کی طرف متوجہ ہو جائیں گے۔ پس نمائندگان مجلس مشاورت کو چاہیئے۔ کہ نہ صرف خود اپنا چندہ تحریک جدید جلد ادا کر کے ثواب حاصل کریں۔ بلکہ اپنی جماعت کے دوسرے مخلصین کو بھی حضور کی اس تقریر کا خلاصہ سنا کر ان کے ثواب میں شریک ہوں۔

فنانشل سیکرٹری تحریک جدید قادیان

جائے گا۔

میرے دل میں خیال گزرا ہے۔ کہ آپ میں سے بعض ایسے بھی ہوں گے۔ جو میرے آج کے الفاظ ہندوستانی زبان میں سننے کے خواہشمند ہوں گے۔ اس کے لئے میں نے ہدایات جاری کر دی ہیں۔ کہ میری تقریر کے فوراً بعد میرے الفاظ کا حرف بحرف اور مکمل ترجمہ ہندوستانی میں براڈکاسٹ کیا جائے۔

درخواست دعا

تقریر کے اختتام پر میں آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ان تمام عناصر میں سے جو شاندار مساعی کے ذریعے حالات کو خوشگوار بناتے اور مختلف مسائل کی کامیابی کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ سب سے زیادہ اہم عنصر یہ ہے۔ کہ جو افراد ان مساعی میں شریک ہوں۔ ایک دوسرے پر اعتماد رکھتے ہوں۔ اور ایک دوسرے کی عزت کرتے ہوں۔ ہر انسان سے غلطی ہو سکتی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا اور نہ اس کا متوقع ہوں۔ کہ آپ سب کے سب ہر موقعہ پر میرے ہم خیال رہیں گے۔ لیکن آپ کو اس امر کا یقین دلاتا ہوں۔ کہ آپ کا خلوص نیت اور آپ کے خیالات کی دیانت میری نگاہوں میں کبھی بھی مشکوک نہیں ہوگی۔ میری صرف یہی درخواست ہے۔ کہ آپ مجھ پر دلی اعتماد رکھیں۔ جس کا وعدہ میں آپ سے کر چکا ہوں۔ آئندہ پنج سالہ عہد میں جا کر میں اپنا دماغ اپنا دل اور وہ جسمانی طاقت جو قدرت نے مجھے عطا فرمائی۔ آپ کے ملک کی خدمت میں صرف کروں گا۔ میری درخواست ہے۔ کہ آپ اس بارے میں میرے حق میں دعا کریں۔ تاکہ آپ اور میں یقین اور ہمت کے ساتھ بلند حوصلہ میدان عمل میں رکھیں۔ اور اپنی انتہائی طاقت ہندوستان کے ہر گوشہ کے لوگوں کی بہبودی کے لئے صرف کر دیں۔ اور زمانہ بعد میں ہندوستان کی قدیم شہرت و عظمت قائم رکھیں۔

نمائندہ حکومت کی کامیابی خاص کر ایسے تعمیری دور میں جس میں عنقریب ہم داخل ہونگے علاوہ اور امور کے اس امر کی بھی متقضی ہے کہ جہاں تک ہو سکے۔ تمام سیاسی جماعتوں کے راہنماؤں کے خیالات سے آگاہ ہوں اور ساتھ ہی حلقہ ہائے انتخابات کے رجحانات سے بھی واقف رہوں۔ اس امر کا اظہار نہایت ضروری ہے۔ کہ جب میں کسی سیاسی جماعت کے رہنما یا رہنماؤں کو ملاقات کی اجازت دوں۔ تو اس سے یہ ہرگز اخذ نہ کیا جائے۔ کہ میں اس جماعت کا یا اس جماعت کے رہنما قبل کا بہ نسبت دوسری جماعتوں اور ان کے رہنماؤں کے زیادہ حامی ہوں۔ انگلستان میں بادشاہ اور سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کی ملاقات کے اس قاعدے اور طریقہ کو لوگ اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ میری رائے میں نمائندہ حکومت خود مختاری کی کامیابی کے لئے ضروری ہے۔ کہ ہندوستان میں بھی اس طریقہ کو اچھی طرح سمجھ لیا جائے۔

اخبارات کی ضروریات

ادارت عامہ کی کامیابی کی مقدم ترین امداد اور باخبر اور ذمہ دار اہل الرائے جماعت کی نشوونما تمام جمہوری ممالک میں اخبارات کے حلقہ اختیار میں ہوتی ہے۔ لیکن ہم سب کی طرح اخبارات بھی بغیر ضروری مواد کے کچھ نہیں کر سکتے۔ اگر اخبارات کو وہ ذمہ دارانہ فرائض سر انجام دینے میں جو عوام کی طرف سے ان پر عائد ہوتے ہیں۔ اور اگر ان کو ملکی معاملات پر کارگر تبصرہ کرنا ہے تو چاہیے ان کی مدبرانہ حکمت عملی کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ یہ امر نہایت ضروری ہے۔ کہ بہ حد امکان ان کو مسائل زیر بحث کے متعلق معلومات بہم پہنچائی جائیں۔ اس بارے میں اخبارات کی ضروریات سے میں کماحقہ آگاہی رکھتا ہوں اور میرا ارادہ ہے کہ اس سلسلہ میں ان کو ہر جائز امداد دوں۔ اخبارات اور ان کے پڑھنے والوں کو اس امر کا یقین رکھنا چاہیئے کہ وہ مواد جو میرے ماتحت حکام اخبارات کو دینا ممکن سمجھیں گے۔ صرف واقعات کی روئداد تک محدود ہوگا۔ اور یہ روئداد بغیر اظہار رائے اور بغیر رنگ آمیزی کے پیش کی جائے گی۔ ہر ایک ایسا مواد بلا امتیاز و بلا اختصاص تمام اخبارات کو بہم پہنچایا

جماعتہائے احمدیہ ضلع ڈیرہ غازیخاں مظفر گڑھ اور ڈیرہ اسمٰعیل خاں کو اطلاع

ان ہر سہ اضلاع کے مہتمم تبلیغ مولوی محمد شریف صاحب مولوی فاضل مبلغ سلسلہ عالیہ احمدیہ مقرر ہیں۔ جو آج کل اپنے پروگرام کے ماتحت دورہ کر رہے ہیں۔ اگر کسی جماعت کو فوری ضرورت کے لئے آپ کو دعوت دینا مطلوب ہو۔ تو وہ میرے نام پر پتہ ذیل پر خط و کتابت کریں۔

اخوند محمد افضل خاں پریذیڈنٹ انجمن احمدیہ و نائب مہتمم تبلیغ ڈیرہ غازیخاں

سکندرآباد پولیس کی فرض شناسی

سکندرآباد (دکن) کی پولیس نے ہمیشہ اپنی فرض شناسی اور مستعدی کا قابل تعریف ثبوت دیا ہے۔ پچھلے دنوں ہندو مسلم فساد کو جس قابلیت سے روکا اس کی یاد ابھی تک تازہ ہے۔ حال میں سکندرآباد کی انجمن اہلحدیث کا سالانہ جلسہ تھا۔ جس میں تقریر کرنے کے لئے مولوی ابراہیم صاحب سیالکوٹی بھی بلائے گئے تھے۔ مولوی ابراہیم صاحب سلسلہ عالیہ احمدیہ کے پرانے مخالفین میں سے ہیں۔ اس لحاظ سے مقامی پولیس نے احتیاطی انسدادی تدابیر سے کام لیا۔ اور مولوی ابراہیم صاحب کو جہاں اپنی تقریروں کے لئے پوری آزادی دی۔ وہاں انہیں اس امر کی بھی ہدایت کی۔ کہ وہ کوئی ایسی تقریر نہ کریں۔ جو مسلمانوں کے دوسرے فرقوں کے جذبات کو مجروح کرنے والی ہو۔ اور احمدیوں کے خلاف بھی اس قسم کی تقریر نہ کریں۔ جو باعث اشتعال اور رنج ہو۔ مولوی ابراہیم صاحب نے ان احکام کی پابندی مجبوراً کی۔ مگر مجلس عام میں کہا۔ کہ سکندرآباد کی احمدی جماعت نے مجھے بہت تکلیف دی ہے۔ میں ان کی شکایات قادیان کرونگا۔ بہرحال حیدرآباد پولیس کی دانشمندی اور بروقت مستعدی نے امن عامہ کو قائم رکھا۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس اور مولوی حبیب اللہ خان صاحب انسپکٹر خاص شکریہ کے مستحق ہیں۔ کہ انہوں نے جماعت احمدیہ کے جذبات کو مجروح ہونے سے بچا لیا۔ اور سکندرآباد کے مسلمانوں میں جو پہلے سے ایک رواداری اور باہم بلا امتیاز فرقہ بندی محبت اور تعلق اسلامی ہے۔ اُسے قائم رہنے دیا۔ حقیقت میں باہر سے آکر بعض لوگ اشتعال انگیز تقریریں کرکے عوام کو بھڑکا کر امن عامہ کو خراب کرتے ہیں۔ حیدرآباد کے بیدار مغز کوتوال نواب رحمت یار جنگ بہادر نے بھی پہلے سے ایسے انتظام کر رکھے تھے۔ کہ امن شکن اور منافرت افزا تقریریں نہ ہونے پائیں۔ احمدی جماعت سکندرآباد پولیس افسروں کی تہِ دل سے شکرگزار ہے ضرورت ہے۔ کہ برٹش انڈیا کے ہر مقام کی پولیس ایسے موقعہ پر سکندرآباد کی پولیس کا طرز عمل اختیار کرے۔

(نامہ نگار)

آل اڑیسہ مذہبی کانفرنس کٹک میں احمدی مبلغ کا لیکچر

اخبار ایڈوانس (Advance) کلکتہ کا نامہ نگار خصوصی کٹک سے لکھتا ہے۔ کہ وہاں شری رام کرشن سیوا سمیتی کے زیر اہتمام آل اڑیسہ مذہبی کانفرنس کے تین اجلاس ایسٹر کی تعطیلات میں ہو چکے ہیں۔ اس غرض کے لئے خاص طور پر ایک بہت بڑا پنڈال بنایا گیا اور ہر مذہب کے لوگوں کو اپنے اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرنے کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ تینوں اجلاس میں پنڈال سامعین سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ ہر مذہب و ملت کے لوگ کثرت سے شریک جلسہ ہوئے۔

سوامی نربھیدا نند آف رام کرشن مشن بیلور (بنگال) کانفرنس کے صدر تھے۔ پہلے دن کے اجلاس میں ریورنڈ آیف فیلوز نے پروٹسٹنٹ ازم پر۔ مولانا ظہور حسین صاحب۔ مولوی فاضل احمدی مبلغ نے احمدیت یعنی حقیقی اسلام پر۔ پروفیسر اے۔ بی جہانتی ودیتانا فیلوسوفی پر۔ اور پروفیسر بینی مادھب بروا نے بدھ مذہب پر تقریریں کیں۔

دوسرے دن کے اجلاس میں فادر پابلو ٹوبارڈی۔ ڈی نے رومن کیتھولک مذہب پر سنیاسی لبوا نانند بابا نے جینا دھرم پر۔ پروفیسر نرنجن نیوگی نے برہمو ازم پر۔ مسٹر آئزک نے یہودی مذہب پر۔ رادھا کانت مٹھ کے مہنت نے وشنو ازم (Vishnu-ism) پر اور سپنل پرشاد ہمو چاری آف متھرا نے جین مذہب پر تقریریں کیں۔

تیسرے دن کے اجلاس میں مسٹر پی کے بینرجی نے ویدک زمانہ سے لیکر موجودہ زمانہ تک کے رشیوں۔ اولیاء اور مذہبی لیڈروں کے متعلق بذریعہ میجک لینٹرن لیکچر دیا۔ (نامہ نگار)

محصول ڈاک کے متعلق اعلان

